ONE NATION ONE PASSION

PAKISTAN CRICKET BOARD

MEDIA RELEASE

پاکستان اور زمبابوے کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے مابین سیریز آج سے شروع ہوگی

ہرارے، 9 فروری 2021ء:

پاکستان اور زمبابوے کی خواتین کرکٹ ٹیموں کے مابین سیریز کا آغاز 9 فروری بروز منگل سے ہرارے میں ہوگا۔ دونوں ٹیموں کے مابین پچاس اوورز پر مشتمل تین میچز ہرارے اسپورٹس کلب میں کھیلے جائیں گے۔

یہ پہلا موقع ہوگا کہ جب قومی خواتین کرکٹ ٹیم زمبابوے میں کوئی کرکٹ سیریز کھیلے گی۔ سیریز میں شامل تین ایک روزہ میچز 9، 12 اور 14 فروری کو کھیلے جائیں گے۔

پچاس اوورز پر مشتمل سیریز کے اختتام پر دونوں ٹیموں کے مابین ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل سیریز بھی کھیلی جائے گی۔ سیریز میں شامل تین میچز 17، 19 اور 20 فروری کو کھیلے جائیں گے۔

پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم نے حال ہی میں جنوبی افریقہ کا دورہ کیا، جہاں اسے ون ڈے انٹرنیشنل سیریز میں 0-3 اور ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل سیریز میں 1-2 سے ناکامی کا سامنا کرنا پڑا تھا تاہم آلراؤنڈر عالیہ ریاض 136 رنز بنا کر ایک روزہ انٹرنیشنل سیریز میں سب سے زیادہ رنز بنانے والی بیٹر اور ڈیانا بیگ 9 وکٹیں حاصل کرکے بہترین باؤلر قرار پائی تھیں۔

اسی طرح ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل سیریز کے آخری میچ میں کپتان جویریہ خان نے 56 رنز کی اننگز کھیلی تھی۔ ان کی اس اننگز نے اس دورے میں پاکستان کی جانب سے حاصل کی گئی واحد فتح میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

جویریہ خان، کپتان قومی خواتین کرکٹ ٹیم:

قومی خواتین کرکٹ ٹیم کی کپتان جویریہ خان کا کہنا ہے کہ اسکواڈ میں شامل تمام ارکان زمبابوے کے خلاف سیریز کے لیے پرجوش ہیں، جنوبی افریقہ کے خلاف آخری ٹی ٹونٹی میچ میں فتح سے کھلاڑیوں کے حوصلے بلند ہیں، زمبابوے کے خلاف فتح حاصل کرکے ٹیم کو وننگ ٹریک پر برقرار رکھنا اصل ہدف ہے۔

انہوں نے کہا کہ کوویڈ 19 کی عالمی وباء کی وجہ سے دنیا بھر میں ویمنز کرکٹ کے مقابلے محدود ہیں تاہم وہ خوش قسمت ہیں کہ پاکستان کی ٹیم جنوبی افریقہ کے فوری بعد اب زمبابوے کے خلاف میدان میں اترنے کے لیے تیار ہے۔

جویریہ خان نے کہا کہ زمبابوے کی ٹیم ورلڈکپ کوالیفائر کا حصہ ہوگی، ایونٹ سے قبل اس ٹیم سے کھیلنا پاکستان کے لیے مفید ثابت ہوگا۔

-ENDS-

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.